اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيين اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

ہفتہ وار اجتماع میں بیان کرنے والے مبلغ کے لیے مدنی پھول

1. اللہ پاک کی **رضا پانے اور ثواب کمانے** کے لیے ہفتہ وار اجتماع میں سنّتوں بھرا بیان کروں گا۔
2. مدنی مرکز کے دیے ہوئے **طریقہ کار کے مطابق** بیان کروں گا۔
3. ہفتہ وار اجتماع کے بیان کا **پیشگی اچھی طرح مطالعہ** کروں گا۔
4. **المدینۃُ العِلمیہ کا تیار کردہ** پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والا بیان ہی **دیکھ کر** کروں گا۔
5. حتی الامکان **سفید لباس، سفید عمامہ، سُنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک کُرتا** پہننے بیان کرنے کی کوشش کروں گا۔
6. بیان کے **طے شدہ وقت** کے مطابق ہی بیان **مکمل** کروں گا۔
7. جدول جائزہ ذمہ دار کی طرف سے دورانِ بیان بتائی جانے والی کسی **شرعی غلطی / تنظیمی کمزوری** کو قبول کرتے ہوئے اپنی اِصلاح کی کوشش کروں گا(اگر اِزالہ کرنا واجب ہو تو اِزالہ بھی کروں گا)۔
8. اجتماع والے دن عصر کے بعد اجتماع کے قریبی گھروں، دکانوں پر جا کر **علاقائی دورہ برائے ہفتہ وار اجتماع** کروں گا۔
9. دورانِ بیان **قرآنی آیات اور احادیث کا ترجمہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ عربی** بھی پڑھنے کی کوشش کروں گا۔(یاد رہے!!! عربی پڑھنے سے قبل کسی مُستند قاری صاحب کو سُنا لیجئے)۔
10. **دورانِ بیان اشعار** بھی پڑھوں گا۔(یاد رہے! دورانِ بیان صرف مُفتیانِ کرام، جانشینِ امیر اہلسنّت حضرت مولانا عبید رضا عطاری مدنی مدظلہ العالی، نگران شوریٰ و اراکینِ شوریٰ خود یا ساتھ میں کوئی اور نعت خواں طرز میں اشعار پڑھ سکتے ہیں)۔

شعبہ ہفتہ وار اجتماع

پاکستان مشاورت آفس

5 ربیع الاخر 1445ھ، 21 اکتوبر 2023ء